کلائینٹ کا نام
ACES آئی ڈی نمبر

جب آپ Aging and Long-Term Support Administration اور Developmental Disabilities Administration کی سروسز حاصل کرتے ہیں، تو آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں

Your Rights and Responsibilities When You Receive Services Offered by Aging and Long-Term Support Administration and Developmental Disabilities Administration

دستیاب شدہ سروسز

آپ جو سروسز حاصل کرنے کے لیے اہل ہیں، ان میں سے انتخاب کرنا آپ کا حق ہے۔ سروسز رضاکارانہ ہیں۔ جن سروسز کے لیے Aging and Long-Term Support Administration (ALTSA) اور Developmental Disabilities Administration (DDA) ادائیگی کر سکتی ہیں، ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کی تمام ضروریات پوری نہ کریں۔

ALTSA اور DDA درج ذیل شعبوں میں سروسز فراہم کرتی ہیں:

- ایک ایڈلٹ فیملی ہوم، اسِسٹِڈ لِونگ فیسلٹی، انہانسڈ سروسز فیسلٹی، نرسنگ فیسلٹی، کمپینئن ہوم، چلڈرنز فوسٹر ہوم، چلڈرنز لائسینسڈ سٹاف ریزیڈینشل ہوم؛ DDA گروپ ہومز، گروپ ٹریننگ ہومز، ICF/IDs؛ یا
- ذاتی گھر والا شخص۔ **نوٹ:** ALTSA اور DDA کسی شخص کے ذاتی گھر کے اندر 24 گھنٹے/روزانہ کی ادائیگی کے ساتھ ذاتی نگہداشت کی سروسز فراہم نہیں کرتی۔ اگر 24 گھنٹے کی نگہداشت درکار ہو، تو سروسز کے دیگر آپشنز پر غور کیا جا سکتا ہے۔

اس ڈاکومنٹ میں آپ کے AAA کیس منیجر، DDA کیس ریسورس منیجر یا HCS سوشل سروسز اسپیشلسٹ کو **کیس ورکر** کہا گیا ہے۔

آپ کے حقوق

آپ کے درج ذیل حقوق ہیں:

- آپ کے ساتھ عزت، احترام اور کسی امتیاز کے بغیر سلوک کیا جائے؛
- قوانین کی حدود اور DSHS کے ضوابط کے مطابق آپ کی معلومات کو رازدارانہ رکھا جائے؛
- آپ پر زیادتی نہ ہو، نظرانداز نہ کیا جائے، مالی استحصال یا ناجائز پابندیاں نہ ہوں؛ اگر آپ کے ساتھ یا آپ کے جاننے والے کسی شخص کے ساتھ کوئی زیادتی ہو رہی ہو، نظر انداز کیا جا رہا ہو یا استحصال ہو رہا ہو، تو برائے مہربانی DSHS کی اس ٹول فری لائن 1-866-363-4276 / 1-866-(End Harm) پر کسی ورکر کے ساتھ بات کریں جو آپ کی مدد کرے گا؛
- آپ کی ہر طرح کی پراپرٹی کے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے؛
- آپ کو ان تمام سروسز کے بارے میں بتایا جائے جو آپ حاصل کر سکتے ہیں اور اپنی پسندیدہ سروسز کے بارے میں آپ کو انتخاب کا حق دیا جائے؛
- آپ اپنی نگہداشت کا منصوبہ اپنے کیس ورکر سے مل کر بنائیں؛
- اگر آپ کسی سوال کا جواب نہ دینا چاہیں یا دیگر کوئی کام نہ کرنا چاہیں، تو آپ پر زبردستی نہ کی جائے؛
- آپ کو ایجنسی کے فیصلوں کے بارے میں تحریری طور پر بتایا جائے اور اپنے نگہداشت یا معاونت کے منصوبے کے خلاصے کی نقل دی جائے؛
- اگر آپ اور آپ کا کیس ورکر متفق نہ ہوں، تو اپنے سپروائزر سے بات کریں؛
- اگر آپ نے کوئی شکایت درج کروائی ہوئی ہو، تو پھر بھی ایک انتظامی سماعت کی درخواست کر سکیں؛
- کسی نقصان کی فکر کے بغیر شکایت درج کرائیں، بیشک اگر آپ نے ایک انتظامی سماعت کی درخواست بھی کی ہوئی ہو:
- 1-888-201-1014 پر کال کر کے ایڈوکیٹ سے بات کریں؛
- تمام سروسز سے انکار کر دیں؛
- اگر آپ انگریزی زبان اچھی طرح نہیں بول سکتے یا آپ سمجھتے نہیں ہیں، تو آپ کو ترجمان کی خدمات مفت فراہم کی جائیں؛
- کسی بھی کوالیفائیڈ پرووائیڈر کو منتخب کریں، ختم کریں یا تبدیل کریں؛ اور
- اپنے منتخب کردہ کسی بھی انفرادی پرووائیڈر کے بیک گراؤنڈ چیک کے نتائج موصول کریں۔

آپ کی ذمہ داریاں

آپ کی درج ذیل ذمہ داری ہے:

- اپنے لیے آسان جگہ پر، کیس ورکر کو سال میں کم از کم ایک مرتبہ جائزہ مکمل کرنے دیں؛
- سال میں کم از کم ایک مرتبہ کیس ورکر کو اپنی رہائش کا ماحول دیکھنے دیں؛
- اپنا جائزہ مکمل کرنے کے لیے ہمیں کافی معلومات فراہم کریں؛
- اگر کوئی دوسرا شخص آپ کے طبی یا مالی فیصلے کرتا ہے، تو اپنے کیس ورکر کو بتائیں؛
- اپنی نگہداشت یا معاونت کا منصوبہ بنانے میں حصہ لیں اور اس پر دستخط کریں؛
- اس بات کو سمجھیں کہ آپ کے پرووائیڈر کو غیر منظور شدہ سروسز یا گھنٹوں کی ادائیگی نہیں کی جائے گی؛
- اپنی نگہداشتِ صحت منتخب کریں؛
- کوئی کوالیفائیڈ پرووائیڈر منتخب کریں؛
- کام کی محفوظ جگہ فراہم کی جائے؛
- پرووائیڈر کے بیک گراؤنڈ چیکس کو پرائیویٹ رکھا جائے؛
- اگر اپنے پرووائیڈر سے آپ کو کوئی مسئلہ ہو یا اگر آپ کو اتنے گھنٹے موصول نہ ہو رہے ہوں جتنے گھنٹوں کا دعوئ آپ کا پرووائیڈر کرتا ہے، تو اپنے کیس ورکر کو بتائیں؛
- اگر آپ اپنی نگہداشت میں آسانی چاہتے ہیں، تو آپ کے پرووائیڈر کو ہر مہینے ادائیگی کی جانی چاہیے؛
- کوئی ایسا کام نہ کرنا جس سے کسی کو کوئی خطرہ ہو؛ اور
- اگر درج ذیل میں کوئی تبدیلی ہو، تو اپنے کیس ورکر کو بتائیں:
  - ✓ آپ کی صحت؛
  - ✓ اپنی فیملی یا دیگر ایجنسیوں سے آپ کو جو مدد ملتی ہے؛
  - ✓ آپ جہاں رہتے ہیں؛ یا
  - ✓ آپ کی مالی حالت۔

کیس ورکر کی ذمہ داریاں

آپ کے کیس ورکر کی درج ذیل ذمہ داریاں ہیں:

- آپ کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آئے؛
- آپ کی رازداری کا خیال رکھے؛
- آپ کو بتائے کہ ALTSA اور DDA آپ کے لیے کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں کر سکتے؛
- آپ کو مہیا کی جانے والی معاونت کا درجہ اور آپ کے لیے سروسز کا تعین کرنے کے لیے آپ سے اور دیگر لوگوں سے معلومات حاصل کرے۔
  - ✓ جائزہ میں آپ کے مثبت پہلو، حدود و قیود، مقاصد اور ترجیحات شامل ہوں گی۔
  - ✓ جائزہ میں، آپ کو حاصل ہونے والی موجودہ مدد یا وہ مدد جو آپ فیملی یا دیگر ایجنسیوں سے حاصل کر سکتے ہیں اور یہ کہ آپ سروسز کیسے لینا چاہتے ہیں، شامل ہو گی؛
- نگہداشت یا معاونت کا ایسا منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کرے جو آپ کی ذاتی نگداشت کی ضروریات پوری کرتا ہو اور آپ کے ذاتی مقاصد، ترجیحات اور پسند و ناپسند اس میں شامل ہوں؛
- ہر سال یا جب آپ کے حالات تبدیل ہوں تو آپ کے نگہداشت یا معاونت کے منصوبے کی تجدید کے لیے آپ سے اور دوسرں سے معلومات حاصل کرے؛
- ضروری معلومات فراہم کرنے کے لیے، آپ کو کافی وقت دے؛
- وقت کے ساتھ نگہداشت یا معاونت کے منصوبے میں سامنے آنے والے مسائل کو حل کرے؛
- آپ کے حقوق کا احترام کرے اور اگر آپ کو کوئی ذہنی، اعصابی، حسیاتی یا جسمانی مسئلہ پیش آتا ہے، تو آپ کو ملنے والی خدمات تک رسائی میں آپ کی مزید مدد کرے؛ اور
- اگر آپ کوئی کوالیفائڈ پرووائیڈر نہ ڈھونڈ سکتے ہوں، تو اس میں آپ کی مدد کرے۔

پیشگی ہدایات

آپ کو پیشگی ہدایات دینے کا حق حاصل ہے۔ پیشگی ہدایات میں دورانِ زندگی وصیت نامہ اور نگہداشتِ صحت کے بارے میں دائمی مختار نامہ شامل ہو سکتے ہیں۔ پیشگی ہدایات آپ کی طبی اور/ یا ذہنی نگہداشت صحت کے متعلق آپ کی خواہشات کا خلاصہ ہوتی ہیں، بشمول اگر آپ میں فیصلے کرنے کی ذہنی صلاحیت موجود نہ رہے، تو طبی، ذہنی صحت، یا سرجیکل علاج کروانے یا اس سے انکار کرنے کے حق کے بارے میں پیشگی ہدایات دینا۔ آپ کسی بھی وقت اپنی پیشگی ہدایات کو منسوخ کر سکتے ہیں۔

ووٹر رجسٹریشن سروس

نیشنل ووٹر رجسٹریشن ایکٹ 1993 کے مطابق تمام ریاستوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوامی امداد کے دفاتر کے ذریعے ووٹر رجسٹریشن میں معاونت دیں۔ ووٹ کے لیے رجسٹر ہونے کی درخواست دینے یا انکار کرنے پر آپ کو اس ایجنسی کی جانب سے فراہم کی جانے والی سروسز یا فوائد کی مقدار میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ اگر ووٹر رجسٹریشن فارم کو مکمل کرنے میں آپ کو مدد درکار ہو، تو ہم آپ کی مدد کریں گے۔ رجسٹر ہونے یا اس سے انکار کا آپ کا فیصلہ رازداری میں رکھا جائے گا اور اس کو صرف ووٹر رجسٹریشن کے مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جائے گا۔ اگر آپ سمجھتے ہوں کہ ووٹ کے لیے رجسٹر ہونے یا اس سے انکار کرنے، ووٹ کے لیے رجسٹر ہونے یا اس سے انکار کرنے کے آپ کے فیصلے کو رازداری میں رکھنے کے آپ کے حق، اپنی مرضی کی سیاسی جماعت کے انتخاب کے حق یا آپ کی دیگر سیاسی ترجیحات میں اگر کوئی مداخلت کرتا ہے، تو آپ درج ذیل پتہ پر اپنی شکایت رجسٹر کروا سکتے ہیں:

Washington State Elections Office
PO Box 40229
Olympia WA 98504-0229
1-800-448-4881

آپ کے دستخط

اگر آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں اور اپنے کیس ورکر کی ذمہ داریوں کی سمجھ آ گئی ہو، تو درج ذیل لائن پر اپنا دستخط کریں۔

____
کلائنٹ کے دستخط

____
تاریخ

____
قانونی نمائندے کا دستخط

____
تاریخ

نوٹس برائے کسٹمرز اور ملازمین (عنوان VI اور VII) Washington State Department of Social and Health Services مساوی مواقع فراہم کرنے والا آجر ہے اور اپنی ملازمتوں، پروگراموں اور سروسز کی فراہمی میں عمر، جنس، جنسی رجحان، صنف، صنفی شناخت/اظہار، ازدواجی حیثیت، رنگ، نسل، فرقہ، قومی پس منظر، مذہب یا عقیدہ، سیاسی وابستگی، ملٹری اسٹیٹس، قابل فخر طور پر سبکدوش ہونے والے سابقہ فوجی ہونے کے پس منظر، ویتنام دور کے جنگی متاثرین، کسی حسی، ذہنی، جسمانی معذوری کا شکار ہونا یا کسی معذور شخص کی جانب سے تربیت یافتہ کتوں یا دیگر تربیت یافتہ جانوروں کے استعمال، مساوی ادائیگی یا دیگر کسی قسم کی غیر معمولی وراثتی پس منظر کی بنیاد پر کسی قسم کا کوئی امتیاز نہیں برتا جاتا۔

جب آپ Aging and Long-Term Support Administration اور Developmental Disabilities Administration کی سروسز حاصل کرتے ہیں، تو آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہوتی ہیں

<u>ہدایات</u>

1. یہ فارم اس وقت کلائینٹ کو پیش کریں جب آپ نگہداشت کا ابتدائی جائزہ فارم مکمل کر رہے ہوں یا نگہداشت یا معاونت کے منصوبے پر نظر ثانی کر رہے ہوں۔ اگر کلائینٹ پہلے سے سروسز حاصل کر رہا ہو اور اُس نے پہلے سے اِس فارم پر دستخط نہ کیا ہو، تو اگلے جائزہ پر یہ فارم کلائینٹ کو پیش کریں۔ کلائینٹ کے حقوق و ذمہ داریوں کے بارے میں کسی قسم کے سوالات کے جوابات دینے کے لیے کلائینٹ کے ساتھ مِل کر اس فارم کا جائزہ لیں۔
2. کلائینٹ یا کلائینٹ کے نمائندے سے فارم کی دو عدد نقول پر دستخط کرائیں تاکہ اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ Aging and Long-Term Support Administration اور Developmental Disabilities Administration کی جانب سے سروسز حاصل کرتے وقت کلائینٹ کو اپنے حقوق و ذمہ داریوں کی سمجھ آ گئی ہے۔
3. ایک عدد نقل ہارڈ فائل یا ڈاکومِنٹ منیجمنٹ سسٹم (DMS) میں لگائیں جبکہ دوسرے نقل کلائینٹ کے حوالے کریں۔